المنبر

لائل پور

عبدالرحیم اشرف

فرضِ منصبی

غفلت میں چاہے انسان کتنا ہی اپنے ماحول سے غافل ہو جائے اور اپنی ذات کو کتنی ہی اہمیت دے دے وہ جب بھی فہم و شعور سے کام لے گا اور ذمہ داری کا احساس اس میں ابھرے گا اسی لمحے وہ یہ محسوس کرے گا کہ اس کا یہ طرزِ عمل غلط ہے اور وہ مجبور ہو گا کہ ماحول سے بے نیازی کو خیرباد کہہ دے اور اپنی ذات کو معاشرے پر اہمیت دینے کے بجائے معاشرے کو اہمیت دے اور اس کے مسائل کو اپنے مسائل پر مقدم رکھے۔

ایسا کیوں؟ اس لئے کہ ایک فرد تنہا کچھ بھی نہیں، فرض کیجئے آپ دینی اعتبار سے انتہائی طور پر پابند شریعت ہیں، آپ فرائض ہی نہیں نوافل کا اہتمام بھی بصد شوق کرتے ہیں، حرام سے اجتناب آپ کے ایمان و ذہن دونوں کا تقاضا ہے اور آپ اس میں کامیاب بھی ہیں لیکن آپ کا گھر، آپ کے اہل محلہ، آپ کے وارڈ کے باشندے، آپ کے شہری ساتھی اور آپ کے ملک کے باشندے اور وہاں کی حکومت یا ان سب کا یا ان کی اکثریت کا رخ شریعت کے بجائے مغربی زندگی کی جانب ہے، ان کے ہاں ترکِ صلوٰۃ معمول ہے، وہ ریڈیو سے فحش گانے سننے کے عادی ہیں، ان کی معیشت استوار ہے سود، سٹہ بازی، دھوکے فریب، ملاوٹ اور بلیک پر، ان کی نسلیں پروان چڑھ رہی ہیں، عیاشی، فحاشی، عریانی اور اس تہذیب کو اپناتے ہوئے جس میں خدا تعالیٰ کا تصور، تاریخ دین سے بیزاری اور اہل دین کی تضحیک شامل ہے، اس ماحول میں آپ اپنی دین داری کو کس طرح باقی رکھ سکتے ہیں، اپنی نئی پود کو اسلام سے وابستہ رکھنے کی جدوجہد میں کس طرح کامیابی حاصل کر سکتے ہیں اور اپنی معیشت کو حرام کی آمیزش سے پاک رکھنے میں کیسے کامیاب ہو سکتے ہیں؟ اگر خدا نخواستہ آپ کے ملک کا قانون، اسلامی شریعت کے خلاف ہے تو آپ کے لئے یہ ممکن ہی نہیں کہ آپ دنیوی اعتبار سے خود سے بہتر زندگی گذاریں اور آپ شریعت اسلامیہ کے پابند بھی رہیں، آپ کو کہیں نہ کہیں دامن شریعت کو ہاتھ سے چھوڑنا ہی ہو گا۔

بنا بریں اگر آپ اپنی دین داری کو محفوظ رکھنا چاہتے ہیں، اپنے گھر والوں کو شریعت کا پابند دیکھنے کے آرزومند ہیں تو ناگزیر ہے کہ آپ جہاں اپنی ذات کی اصلاح کی جانب ہر لحظہ متوجہ ہوں جہاں آپ اپنے بچوں کی دینی تعلیم و تربیت کا اہتمام کریں اور جہاں آپ خود حرام سے بچنے اور حلال حاصل کرنے کی جدوجہد میں مصروف رہیں وہاں آپ پورے انہماک کے ساتھ اپنے اہل محلہ، اپنے شہر والوں، اپنے ملک کے عام باشندوں، اپنے ملک کی حکومت کے ارکان و اعیان اور آخرکار اس پوری دنیا میں بسنے والوں انسانوں کی ہدایت، انہیں خدا کو ماننے اور انہیں اسلام کے تسلیم کرنے والے اور اسلامی شریعت کے وفادار بنانے کی جدوجہد میں کماحقہٗ مصروف رہیں اور اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں۔

یہ ہے وہ مقصد جو دین حق نے آپ کے لئے ضروری قرار دیا ہے اور جس کی تکمیل کو اسلام خدا تعالیٰ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی وفاداری کی قطعی شرط قرار دیتا ہے۔

کیا ہم آپ اس مقصد کو پورا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، اور کیا ہم اپنی ذات کی اصلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ خلق خدا کی اصلاح و بہبود کو روٹی کمانے کے دھندوں سے مقدم رکھتے اور اپنی مادی خواہشات کی تکمیل کے لئے کوشش سے زیادہ اہمیت دیتے ہوئے راستے پر گامزن ہیں؟

اگر ایسا ہے تو خوش ہو جائیے کہ آپ نے صراط مستقیم پر سفر شروع کر رکھا ہے اور بشرط اخلاص آپ اپنے رب کے حضور سرخرو ہوں گے!

★

اس اشاعت میں

لکھنے والے

- ★ مولانا عبدالغفار حسن
- ★ حمید الدین خان
- ★ یوسف المعظم

وحید الدین خاں

جمعہ — غرض و غایت

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۚ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ○ فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانْتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللَّهِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○

ہر ہفتہ جمعہ کے روز ہم مسجد میں جمع ہوتے ہیں۔ جمعہ کی حقیقت کیا ہے اس کو سمجھنے کے لئے سورۂ جمعہ کی آخری آیتوں پر غور کرنا چاہئے جو ابھی اوپر درج کی گئیں — ارشاد ہوا ہے:

"اے ایمان والو! جب جمعہ کی نماز کے لئے پکارا جائے تو خدا کے ذکر کے لئے دوڑ پڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو۔ پھر جب نماز ختم ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور خدا کا فضل تلاش کرو اور اللہ کو خوب یاد کرو۔ تاکہ تم کامیاب ہو۔"

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جمعہ کے تین خاص پہلو ہیں۔ اول نماز، دوسرے اجتماعی ذکر، تیسرے معاش اور دین کے درمیان صحیح تعلق کو بتانا۔

جمعہ کا لفظ "جمع" سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں اکٹھا کرنا۔ چونکہ اس دن کسی بستی کے تمام مسلمان اپنی مرکزی عبادت گاہ میں جمع ہوتے ہیں اس لئے اس کا نام جمعہ پڑ گیا۔ یہ ہفتہ کی اجتماعی عبادت کا دن ہے۔ اسی قسم کی عبادت پچھلی امتوں پر بھی فرض کی گئی تھی چنانچہ یہودیوں کے لئے سنیچر کا دن اور عیسائیوں کے لئے اتوار کا دن مقرر تھا۔ مسلمانوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے اس مقصد کی خاطر جمعہ کا دن مقرر فرمایا۔ اسی نسبت سے اس دن کا نام جمعہ پڑ گیا۔ قدیم عرب میں اس دن کا نام عروبہ تھا۔

جمعہ کے دن کی پہلی حیثیت یہ ہے کہ وہ ندائے الٰہی کا دن ہے۔ اس دن اللہ کے تمام بندے خدا کی طرف بلائے جاتے ہیں۔ اس دن مؤذن بلند مقام پر کھڑے ہو کر آواز دیتا ہے کہ وہ تمام لوگ جو خدائے واحد پر ایمان رکھتے ہیں وہ سب ایک جگہ اکٹھا ہو جائیں۔ اس دن کسی اسلامی بستی کے اندر اللہ تعالیٰ جو منظر دیکھنا چاہتا ہے وہ یہ ہے کہ لوگ نہا دھو کر صاف ستھرے کپڑے پہن رہے ہیں اور ہر طرف تیاری کی ایک فضا ہے۔ یہاں تک کہ مؤذن پکار اٹھتا ہے — "آؤ فلاح کی طرف" اور جو لوگ پہلے سے اس ساعت کا انتظار کر رہے تھے فوراً سب کام چھوڑ کر مقام اجتماع (مسجد) کی طرف روانہ ہو جاتے ہیں۔ ان کی روانگی میں ایک خاص طرح کی تیزی اور سرگرمی ہے۔ جو کسی خصوصی مہم پر روانہ ہوتے وقت لوگوں میں ہوتی ہے۔ پورب، پچھم، اتر، دکھن ہر سمت سے نکل کر لوگ جوق در جوق ایک مرکزی مقام کی طرف چلے جا رہے ہیں۔

یہ جمعہ کے دن کا پہلا منظر ہے جو اس بات کا اظہار ہے کہ خدا کے بندے خدا کی پکار پر لبیک کہنے کے لئے تیار ہیں۔ وہ پورے اہتمام اور سرگرمی کے ساتھ اس کی پکار پر دوڑ پڑنے والے ہیں۔ وہ گویا ہمہ تن اسی انتظار میں ہیں کہ کب ان کا رب انہیں پکارے اور وہ اپنے رب کی طرف پروانہ وار اپنا سفر شروع کر دیں۔

جمعہ کے دن کا دوسرا اہم پہلو اجتماعی عبادت ہے۔ اس کے لئے یہاں دو لفظ استعمال کئے گئے ہیں۔ ذکر اور صلوٰۃ۔ علماء نے لکھا ہے کہ ذکر سے مراد خطبہ ہے اور صلوٰۃ سے مراد دو رکعت نماز ہے جو جمعہ کے روز اجتماعی طور پر ادا کی جاتی ہے۔

خطبہ کے لئے ذکر کا لفظ استعمال کرنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ خطبہ کا مطلب کیا ہے۔ ذکر کے معنی ہیں یاد کرنا۔ اس سے معلوم ہوا کہ خطبہ ایک ہفتہ وار یاد دہانی ہے جس میں بستی کا امام مسلمانوں کو ان کے دینی فرائض یاد دلاتا ہے۔ انہیں زندگی کے انجام سے ہوشیار کرتا ہے۔ ان کے ذہن میں مختلف طریقوں سے اس بات کو تازہ کرتا ہے کہ دنیا میں ہر کر خدا کے حضور جانا ہے۔ اس لئے موجودہ زندگی میں اس کی تیاری کرنی چاہئے اور اس معاملہ میں ذرا بھی غفلت نہیں برتنی چاہئے۔

خطبۂ جمعہ کے ذریعہ یہ ہفتہ وار یاد دہانی اگر مسلمانوں کے اندر صحیح طور پر زندہ ہو تو وہ اتنی مؤثر چیز ہے کہ مسلمانوں کو کبھی دینی زوال میں مبتلا نہیں ہونے دے سکتی۔ اگر کہنے والا صحیح ڈھنگ سے کہے اور سننے والے صحیح ذہن کے ساتھ اس کو سنیں تو خطبۂ جمعہ لوگوں کو ان کی غلطیوں پر متنبہ کرے گا۔ ان کے دلوں کے زنگ کو دور کرے گا۔ ان کے بھٹکے ہوئے قدم کو صحیح سمت میں موڑ دے گا۔ زندگی کی سرگرمیوں میں ان کا ایسا رہنما بن جائے گا جس سے وہ اپنے راستہ کی روشنی حاصل کریں ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہر مسلمان کو وہ غذا ملے جو دین کی راہ میں ان کے لئے طاقت و قوت کا ذریعہ بن جائے۔

یہی وجہ ہے کہ حدیث میں جمعہ چھوڑنے والوں کے لئے سخت وعید آئی ہے فرمایا "لوگوں کو یہ روش چھوڑنی پڑے گی کہ وہ جمعہ میں نہ آئیں ورنہ اللہ تعالیٰ ان کے دلوں پر مہر کر دیگا۔ پھر وہ غافل ہو کر رہ جائیں گے۔"

جمعہ کا تیسرا کام مسلمانوں کو یہ تربیت دینا ہے کہ وہ دین اور معاش کے درمیان صحیح تعلق کو سمجھیں اور روزی کمانے میں اس طرح مصروف ہوں جس سے ان کے دین میں کچھ خلل نہ آنے پائے۔

اس سلسلے میں پہلی ہدایت یہ دی گئی کہ جب کبھی ایسا موقع آئے کہ ایک طرف ہمارا معاشی کاروبار ہو اور دوسری طرف ذکر الٰہی کی پکار ہو تو ہم خرید و فروخت کو چھوڑ دیں اور ذکر الٰہی کی طرف دوڑ پڑیں (فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ) گویا ہم معاشی دھندوں میں اسی وقت تک لگے رہیں جب تک خدا کی کوئی بات ہماری سرگرمیوں سے ٹکرا نہ رہی ہو۔ جب بھی دونوں میں ٹکراؤ پیدا ہو تو ہمیں خدا کو لینا چاہئے نہ کہ معاش کے تقاضوں کو۔

ہماری معاشی زندگی کے لئے دوسرا اصول جو ان آیتوں میں ملتا ہے وہ یہ ہے کہ جب ہم رزق کے حصول میں مشغول ہوں تو ایسا نہ ہو کہ بس وہی ہمارا سب کچھ بن گیا ہو۔ بلکہ اس کے ساتھ ہم خدا کو خوب یاد کرتے رہیں (وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللَّهِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا) ہمارے دل و دماغ میں خدا بسا ہوا ہو اور ہماری زبان سے بار بار ایسے کلمات نکل رہے ہوں جو یہ بتلاتے ہوں کہ ظاہری طور پر اگرچہ ہم معاشی دھندے میں مشغول ہیں مگر ہمارا دل ہر آن خدا کی طرف لگا ہوا ہے۔

ہماری معاشی زندگی کا تیسرا اہم اصول وہ ہے جو آخری آیت میں بتایا گیا ہے یعنی ہماری معاشی کامیابیاں یا ناکامیاں ہماری دینی زندگی کے لئے معاش کی اہمیت کہیں ہم کو اس دھوکے میں نہ ڈالے کہ یہی سب سے بڑی چیز ہے یا یہی ہماری زندگی کا اصل مقصود ہے بلکہ جو کچھ خدا کے پاس ہے اسی کو ہم سب سے بڑی چیز سمجھتے ہوں (مَا عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ مِنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ) نہ معاشی ناکامی ہم کو اس احساس میں مبتلا کرے کہ ہم تو بالکل لٹ گئے اور نہ معاشی کامیابی ہمارے اندر غرور پیدا کرے کہ ہمیں جو کچھ پانا تھا وہ ہم نے پا لیا بلکہ ہر حال میں ہم خدا کی رحمت اور اس کے اخروی انعام ہی کو اصل اور سب سے بڑی چیز سمجھتے ہوں۔

یہ تین اصول ہیں جو ہماری معاشی زندگی کو مسلمان بنانے کے لئے ضروری ہیں۔ اگر یہ تین باتیں ہماری زندگی میں شامل نہ ہوں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم خود تو مسلمان ہیں مگر ہماری معاشی زندگی مسلمان نہیں ہے۔

یہ ہے جمعہ کی نماز یہ تمام مسلمانوں کے لئے لازمی شرکت کا دن ہے اس دن جو مسجد میں نہ آیا وہ ان فوائد سے کے اتنے بڑے مواقع سے اپنے کو محروم کرتا ہے کہ اس سے آدمی کے دل پر مہر لگ سکتی ہے اور وہ ہمیشہ کے لئے دین سے غافل ہو سکتا ہے جس کا آخری انجام جہنم ہے۔ اللہ ہم سب کو اس سے بچائے صحیح جمعہ وہ ہے کہ جب آپ اس سے فارغ ہو کر نکلیں تو آپ کو دل اس احساس سے سرشار ہو کر خدا نے جب آپ کو پکارا ۔۔۔

(بقیہ صفحہ ۱۱ پر)

> مسلمان گویا ہمہ تن اس انتظار میں ہوتا ہے کہ کب اس کا رب پکارے اور وہ اپنے رب کی پکار کی طرف پروانہ وار دوڑ پڑے۔

> جمعہ — یہ بتاتا ہے کہ دین اور معاش کے درمیان صحیح تعلق کیا ہے۔

ہفت روزہ
المنبر
لائلپور

جلد ـــــ ۱۳
شمارہ ـــــ ۱۰

۳۰ ربیع الثانی ۱۳۸۸ھ
۲۶ جولائی ۱۹۶۸ء

مفتی زین العابدین صاحب کی حمائت کیوں اور ......

اس ہفتے متعدد احباب نے ہمیں مختلف ذرائع سے اس جانب توجہ دلائی ہے کہ ...... صاحب ...... صاحب ...... صاحب اس بات پر شدید خفگی اور غصہ کا اظہار کر رہے ہیں کہ آج سے چند ماہ قبل مولانا مفتی سیاح الدین صاحب کاکاخیل، مولانا حافظ عبدالمجید صاحب اور ادارہ اشاعت العلوم کے خلاف اشتہار بازی کا ایک سلسلہ شروع ہوا تھا لیکن المنبر کا مدیر اس پر ٹس سے مس نہیں ہوا تھا لیکن اب جو مولانا مفتی زین العابدین صاحب کے خلاف ایک ہی اشتہار شائع ہوا ہے تو مدیر المنبر جوش میں آگیا ہے اور اس نے زور دار طریقے سے مفتی صاحب کا دفاع شروع کر دیا۔

اس سوال کے آخر میں لکھا گیا ہے کہ

اگر مدیر المنبر اس دعویٰ میں سچا ہے کہ وہ فرقہ واریت سے کوئی تعلق نہیں رکھتا تو اس نے یہ تفاوت کیوں روا رکھی؟ کیا صرف اس وجہ سے کہ مفتی سیاح الدین کا تعلق چونکہ جماعت اسلامی سے ہے اس لئے ان پر حملوں کے دفاع کا احساس مدیر المنبر کو نہیں ہوا ـــــ ہم اس سوال کا تہ دل سے خیر مقدم کرتے ہیں اور گذارش کرتے ہیں کہ ہمیں مولانا مفتی سیاح الدین، مولانا حافظ عبدالمجید صاحب اور اشاعت العلوم کے خلاف اشتہار بازی سے بھی شدید صدمہ ہوا تھا اور ہم نے اس کا تذکرہ متعدد احباب سے کیا بھی لیکن ہم نے اسے نہ ضروری خیال کیا اور نہ مفید کہ اس کا جواب المنبر میں دیا جائے بلکہ ہمیں یاد پڑتا ہے کہ ایک دن مفتی سیاح الدین صاحب سے فون پر گفتگو کے دوران اس راقم نے عرض کیا تھا کہ

آپ اور اشاعت العلوم کے خلاف جو اشتہارات اب تک شائع ہوئے ہیں ان کے بارے میں میری رائے یہ ہے کہ اس کا مثبت جواب [illegible] ہے اور یہ اشتہارات پکار پکار کر اپنے مصنفین اور شائع کنندوں کی جہالت کا ثبوت مہیا کر رہے ہیں اس لئے ان کے بارے میں میری رائے یہ ہے کہ انہیں منہ نہ لگایا جائے اور انہیں در خور اعتنا نہ سمجھا جائے یہ اپنی موت آپ ہی مر جائیں گے۔

اسی قسم کا تاثر ہم نے اشاعت العلوم کے مہتمم محترم حاجی عبدالسلام صاحب سے گفتگو کے دوران ظاہر کیا اور آج بھی ہمیں اس رائے کی اصابت پر اصرار ہے اور حالات بھی اسی کی توثیق کر رہے ہیں۔

ہم یہ عرض کرنا بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ اشاعت العلوم کے خلاف اس اشتہار بازی کو ہم نے بڑی شدت سے محسوس کیا اور ہمیں اس پر دلی دکھ ہوا لیکن چونکہ ہماری رائے یہی تھی کہ یہ اشتہارات منہ لگانے کے قابل نہیں ہیں اس لئے ہم نے اس پر کچھ نہیں لکھا اور اگر ہماری یہ رائے نہ ہوتی تو ہم محترم مفتی سیاح الدین صاحب کے جماعت اسلامی کے شدید حامی ہونے کے باوجود بھی ان اشتہارات کا جواب دیتے اور پوری وضاحت سے دیتے ـــــ رہا یہ کہ مفتی صاحب محترم کا تعلق جماعت اسلامی سے ہے تو ہم باوجود مفتی صاحب کے موقف کو غلط سمجھتے ہیں اور وہ جس طرح جماعت اسلامی کے مذہبی شعبہ اتحاد العلماء کے افراط اور غلو سے کام لے رہے ہیں ہم اسے ان کی اپنی شخصیت اور ان کے دینی ادارہ کیلئے مفید نہیں سمجھتے اور ہماری تشویش ہے کہ اشاعت العلوم کو جماعت اسلامی کے افکار و نظریات کے چھپنے کا ذریعہ نہیں بننا چاہئے ـــــ لیکن اس رائے کے باوجود ہم اشاعت العلوم کی حفاظت، اس کی ترقی اور اس کی کامیابی کے متمنی ہیں اور ہم اس کا احترام کرتے ہیں کہ جو طرز عمل ماڈل ٹاؤن کی مسجد اس مسجد کے بانیوں بالخصوص ہمارے محترم بزرگ دوست ڈاکٹر غلام محمد صاحب اور بعض دوسرے مخلص احباب کے بارے میں مشتہرین نے اختیار کیا اور پھر جس طرح ان معزز ہستیوں کو مقصد بنا کر بدنام کرنے کی کوشش کی گئی ہے ہم اسے نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور ہمارے نزدیک اس سے ان ہی لوگوں کے وقار کو صدمہ پہنچتا ہے اور فتنہ پسندوں کے لئے شرارت کے مواقع فراہم ہوتے ہیں۔

یہ تو رائے تھی اس اشتہار بازی کے سلسلے میں لیکن اس کے بالکل برعکس مولانا مفتی زین العابدین صاحب کے خلاف اس ماہ جو نادر اشتہار کے متعلق ہماری رائے یہ ہے کہ اس کا مثبت جواب اور بات زیادہ ضروری اور مفید ہے اس کے مصنف نے نہ صرف یہ کہ مفتی صاحب پر الزامات لگائے ہیں بلکہ اس نے یہ کوشش کی ہے کہ حکومت ان کے خلاف اکسایا جائے ان کی پاکستان دوستی کو مشکوک ثابت کیا جائے اور انہیں کسی پاکستان دشمن قوت سے مالی استفادہ کرنے والے کی حیثیت سے مشکوک ثابت کیا جائے۔

پھر اس نے یہ شرارت بھی کی ہے کہ اس بے نام اشتہار کے ذریعہ خود دیوبندیوں کے باہمی افتراق و تشتت کی کوشش کی ہے اور ایک حد سے زیادہ شبہات پیدا کرنے کی سعی کی ہے اور عجیب بات یہ ہے کہ اس اشتہار کو زیادہ تر شہر کے متوسط طبقہ اور دیہات میں پھیلانے کی کوشش بھی کی گئی ہے ......

[illegible]

کلماتِ یوم

ختم نبوت اور اسکی حفاظت

دین کا خلاصہ اگر دو جملوں میں بیان کیا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ ہم اس بات کو کہ خدائے ذوالجلال کو وحدہ لا شریک اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو آخری نبی مان جائے یہی مفہوم ہے کلمہ اسلام لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا اور یہی مدعا ہے ایمان باللہ اور ایمان بالرسول کا ـــــ جس طرح وہ شخص مت اسلامیہ سے خارج ہو جاتا ہے جو وجود باری تعالیٰ کا منکر ہو یا جو اس کے ساتھ کسی اور کو شریک کرے چاہے وہ زرتشت، مسیح اور دوسرا کوئی شخص الوہیت میں شریک ٹھیک اسی طرح وہ شخص ملت سے خارج تصور کیا جائے گا جو اگرچہ محمد رسول اللہ کو تو مانتا ہے لیکن ساتھ ہی یہ بھی کہتا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت میں فلاں اور فلاں شریک ہے یا حضرت تو اصل ہیں اور فلاں شخص آپ کے ظل یا بروز یا فنافی الرسول کی حیثیت رکھتا ہے۔

یہ عقیدہ اور اس کی حفاظت ہر لحاظ سے ہر جہت سے اور ہر مسلمان کا ایک دینی فریضہ ہے جس سے عہدہ برآ ہونے میں کسی قسم کا تساہل ممکن نہیں۔

چٹان کی آزادی۔ ہدیہ تبریک

چٹان آزاد ہو گیا! اس کا جرم کیا تھا؟ اس جرم کی حیثیت کیا ہے؟ ہمارا نقطہ نظر اس بارے میں کیا ہے؟ ان سوالات کا مفصل جواب ہم اس دوران انہی صفحات میں پیش کر چکے ہیں۔ مسرت ہوتی اگر چٹان کے دوبارہ اجراء کی بحالی اس بنا پر ہوتی کہ اس نے کسی قانون کی خلاف ورزی نہیں کی ...... تاہم معزز معاصر آزاد ہو گیا ہم دل سے خیر مقدم کرتے ہیں اور اس آزمائش پر تہ دل سے ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں، ہماری دعا ہے کہ چٹان دین کی مخلصانہ خدمت کی توفیق زیادہ سے زیادہ پائے اور مدیر چٹان جلد از جلد آزاد ہوں۔ آمین ثم آمین

آہ ڈاکٹر تحسین

لائلپور کے نیک، مخیر، باہمت، مجلس زندگی سکھنے والے، اسلام سے محبت میں کسی کو خاطر میں نہ لانے والے ہمارے دوست، ڈاکٹر محمد حسین شاد تحسین اچانک دل کا دورہ پڑنے سے اپنے آقا کے حضور حاضر ہو گئے۔

اللہ رب العزت انہیں اپنی رحمتوں سے نوازیں ان کے اعزہ کو صبر جمیل عطا فرمائیں اور ان کی سرپرستی فرمائیں۔ آمین ثم آمین۔

عبدالرحیم اشرف
۳۰ ربیع الثانی ۱۳۸۸ھ

★

فرقہ کی شخصیت نہیں بلکہ ان کے ہم مسلک جنہیں ہم معتوب نہیں ان کا مسلک ہدف ہے اور اسی سلسلہ میں یہ مشتہر جامع مسجد کچہری بازار کو دیوبندیوں کے تصرف سے نکال کر اپنے فرقے کی تحویل میں لانے کے لئے مضطرب دکھائی دیتا ہے۔

جب ہم نے دیانتہً اس شرارت کو اس اشتہار کے پس منظر میں متصادم دیکھا تو ہم نے اپنا دینی فرض جانا کہ اس کا جواب دیا جائے اور حکام کو اس جانب متوجہ کیا جائے کہ اس نقاب پوش مشتہر نے پاکستان کے قانون کو پاؤں سے روند کر جو جسارت کی ہے۔ حکام کے منصب کا تقاضا ہے کہ وہ بلا تاخیر اس مشتہر کو دریافت کریں اور اسے کٹہرے میں کھڑا کر کے اس کے حدود تامت سے اہل ایمان شہر کو متعارف کرائیں جن کے کندھے پر رکھ کر اس نے یہ دونالی بندوق چلائی ہے۔

واقعات نے ثابت کر دیا ہے کہ مفتی سیاح الدین صاحب، حافظ عبد المجید صاحب اور اشاعت العلوم کے خلاف اشتہار بازی کے متعلق ہماری رائے درست تھی اور ہمیں اعتماد ہے کہ مفتی زین العابدین صاحب کے خلاف زیر بحث اشتہار کے متعلق بھی ہماری رائے درست ہے۔ اور ان دونوں کے متعلق اسی اختلاف رائے کے باعث ہمارا طرز عمل دونوں کے بارے میں مختلف ہے۔

ہم متوقع ہیں کہ اس وضاحت سے وہ غلط فہمی دور ہو گئی ہو گی جو بعض احباب کو لاحق ہوئی، رہا ہمارے خلاف غم و غصہ تو غلط فہمی دور کرنے کی کوشش کے بعد ہم اپنی ہزار دن کوشش کے باوجود اس غم و غصہ کو اہمیت نہیں دیتے ہمارا مطمح نظر صرف یہ ہے کہ ہم جس بات کو حق سمجھیں کہیں، جسے غلط خیال کریں۔ حسب ضرورت اس سے اختلاف کریں۔

دینی حلقوں سے ایک بات

اس موقع پر ہم ایک بات دین سے تعلق رکھنے والے سبھی طبقات سے عرض کرنا ضروری سمجھتے ہیں جتنی جلدی وہ اس حقیقت کو ذہن نشین کر لیں اچھا ہے کہ یہ دور اہل دین کے زوال کا ہے۔ دین اپنی جگہ دائم قائم ہے، وہ زوال آشنا ہے لیکن اصحاب دین پر اضمحلال، انتشار، زوال اور بے مائیگی کئی ادوار آئے ہیں اور حالات کا رخ یہ بتلا رہا ہے کہ یہ دور بہت شدید اور بے شمار قسم کی پریشانیاں اہل دین کے لئے پیدا کر رہا ہے۔ چار سو دین بیزاری ہے، معروف کاری بے حد تیزی کے ساتھ الحاد اور اباحیت، بے حیائی اور فحاشی دینی قدروں کو پامال کر رہے ہیں۔ انحراف کی جانب بڑھتا چلا جا رہا ہے اور الحاد ایک ابھرتے ہوئے طوفان کی طرح تباہی مچاتا آگے بڑھ رہا ہے۔ خدا رسیدہ بزرگوں کی اولاد دین میں تحریف و ترمیم کرنے والے افراد کی صورت میں معروف کار ہیں۔ علمبرداران کتاب و سنت کے اختلافات منکرین سنت کے دست راست بنے ہوئے ہمارے سامنے ہیں، ہزاروں ایسے گھر ہیں جن میں نماز کا تصور تھا یہ معمول تھی۔ اب انہی کے نونہال سینما دیکھے بغیر گھر کا رخ نہیں کرتے کتنے ہی خانوادے ہیں جن کی نوامید

کے سر کے بال چشم فلک نے نہیں دیکھے تھے لیکن آج انہی کی نوخیز بچیاں اونچے ہوٹلوں میں مصروف رقص ہیں۔

دینی تعلیمات کے ادارے جان توڑ رہے ہیں گروہ بندی نے اہل دین کو باہم متصادم و متحارب احزاب میں تقسیم کر رکھا ہے اور بے شمار عناصر ہیں جو دین کو اس مملکت سے حرف غلط کی طرح مٹانے کے لئے اپنی صلاحیتوں اور قوتوں کو بروئے کار لا رہے ہیں اور ہماری تعلیم گاہیں، دفاتر اور ادارے ان کے پھیلائے ہوئے الحاد کے نقیب بن چکے ہیں اور ہماری نئی نسل اس الحاد کو بطور دین کے قبول کر رہی ہے۔

ان حالات میں چھوٹی چھوٹی باتوں، ذاتی چپقلشوں، ایک دوسرے سے آگے بڑھنے، زیادہ شہرت پانے اور اپنے حلقہ ارادت کو بڑھانے اور پھیلانے کے نقطہ نظر سے ایک دوسرے سے اظہار اختلاف میں تند و تیز باہمی منافرت پھیلانے، توہین و تذلیل کرنے کی تمام مساعی بظاہر تو دوسرے کے خلاف دکھائی دیتی ہیں۔ لیکن درحقیقت یہ خود اپنے خلاف اقدامات ہیں جن کا نتیجہ تمام اہل دین کی رسوائی کی صورت ہی میں رونما ہو سکتا ہے۔

حنفی ہوں یا اہلحدیث، دیوبندی ہوں یا بریلوی، ان سب کو یہ حقیقت اچھی طرح ذہن نشین کر لینی چاہیئے کہ یہ اختلافات جب بھی دائرہ تحقیق سے متجاوز ہو کر اشتعال انگیزی، ایک دوسرے کی توہین و تذلیل، افترا پردازی اور الزام تراشی کی حدود کو چھو لیں گے تو اس کا نتیجہ لازماً اس صورت میں رونما ہو گا کہ جدید تعلیم یافتہ طبقات اور عوام دونوں نفس اسلام سے دور ہو جائیں گے اور وہ تمام ناگفتہ دین سے بیزاری کا اظہار کرنے لگیں گے۔

اور یہ بھی سمجھ لینا ضروری ہے کہ اشتعال انگیزی اور مغالطہ دہی کا چکر جب چلتا ہے تو اگر آج ایک گروہ اس کا ہدف ہے، تو کل یہ ہے کہ کل دوسرے کی باری آئے، یہ اندھی تلواریں اگر چلنا شروع ہو جائیں تو کسی کی جان کو امان میسر نہیں آیا کرتی۔

بطور مثال اسی اشتہار زیر بحث کو لیجئے مفتی زین العابدین صاحب سے سوال کیا گیا ہے کہ آپ ہوائی جہاز پر سفر کرتے ہیں کیا یہ اس بات کا ثبوت نہیں کہ آپ کا تعلق کسی دوسرے ملک سے ہے؟

خدارا ذرا غور فرمایئے، ایک شخص مہینوں اپنے گھر سے اپنے اعزہ و اقارب سے اپنے ذاتی احباب سے جدا ہوتا ہے، دین کے لئے سفر کرتا ہے، دور دراز علاقوں میں مارا مارا پھرتا ہے اجنبیوں کو خدا کی جانب متوجہ کرتا ہے اپنی صحت اور بیماری کو نظر انداز کر کے افریقہ کے جنگلوں میں مارا مارا پھرتا ہے۔ چلئے اختلاف کیجئے کہ اس کا تبلیغی طریقہ غلط ہے یا یہ کہیئے کہ وہ دین کے فلاں فلاں پہلو کو اتنی اہمیت نہیں دیتے جتنی اہمیت آپ دیتے ہیں۔ یا یہ کہ ترجمہ اور آگے بڑھئے آپ کے نزدیک وہ اپنی تبلیغی مساعی میں دین کے بعض پہلوؤں کو نظر انداز کر رہے ہیں لیکن آپ اس سے تو انکار نہیں

کر سکتے کہ وہ جتنی باتیں کہتا ہے وہ ہیں دین ہی کی باتیں سو فیصد دین نہیں پچاس پچاس یا دس فیصدی ہی ہو، مگر ہے دین، جس کی جانب وہ شام، عراق اور ترکی، افریقہ اور دور دراز کے علاقوں میں بسنے والے خدا کے مسلمانوں کو دعوت دیتا ہے۔

یہ شخص ہم آپ سے تعریف و ستائش کا متمنی نہیں، وہ ہماری آپ کی مخالفت کو بھی خاطر میں نہیں لاتا اور یہ ہو سکتا ہے کہ ہماری آپ کی مخالفت اس کے ولولہ شوق کی راہ میں حائل بھی نہیں ہو سکتی۔ لیکن ایک زبان دراز اسے یہ کہتا ہے کہ چونکہ آپ چار چار ہزار میل کے سفر پر ہوائی جہاز میں جاتے ہیں، اور اتنے مصارف کو اٹھانے کی استطاعت آپ میں نہیں، لہٰذا آپ کسی ایسے ملک سے تعلق رکھتے ہیں جو پاکستان کا دشمن ہے لہٰذا پاکستان سے آپ کی وفاداری مشتبہ ہے۔

خدارا غور فرمایئے یہ اعتراض، اس لائق ہے کہ آپ اپنی ذاتی مخالفت کی بنا پر اس کی تشہیر پر خوش ہوں یا آپ کا اسلام سے تعلق آپ کو اس فرض کی ادائیگی کے لئے مجبور کرتا ہے کہ آپ اس زبان دراز کو اس افترا پر ٹوکیں۔

اور یہ اس لئے کہ یہ افترا اس ذوق ایمانی سے محروم پر مبنی ہے کہ آج کی دنیا میں دین کے کاموں کے لئے ایثار ممکن نہیں، کوئی صاحب دل اسلام کے لئے روپے پیسے سے خدام دین کی مدد کر سکتا ہے اور نہ ہی دین کی خدمت کے لئے وسائل جائز طریقوں سے مہیا ہو سکتے ہیں۔

معترض کو معلوم نہیں کس دنیا کا باسی ہے۔ حالات سے باخبر لوگ جانتے ہیں کہ تبلیغی جماعت کے دو اہم ادارے باقاعدہ زر تبادلہ حاصل کرتے ہیں اور اسی زر تبادلہ سے ان کے وفود بیرون ملک جاتے ہیں، جہاں ضرورت پڑے وہاں ہوائی جہاز کا سفر بھی اختیار کیا جاتا ہے اور جہاں حالات متقاضی ہوں، تبلیغی وفود پیدل اور بیل گاڑیوں پر بھی ہوتا ہے۔

رہا یہ کہ مفتی صاحب نے گھر میں ایک محل کھڑا کر لیا ہے جس میں قالین اور دوسرا سامان تعیش موجود ہے تو خدا سے بیزاری کے اس ماحول میں کسی کو خوف خدا کی جانب متوجہ کرنا خواہ کتنا ہی بے سود کیوں نہ ہو ہم عرض کریں گے کہ اگر دس مرلے کے پلاٹ میں دو کمروں کا ایک مکان، جس کے سیمنٹ پر سفیدی تک نہیں ہوئی ایک محل شمار ہوتا ہے اور اس کے فرش پر چٹائی، دری یا دری اور اس پر بچھے ہوئے ... کی چاندنی سامان تعیش ہے تو اس عیاشی سے کون محروم ہے، بعد حضرت مشتہر کیا کچی آبادی کے کسی دار میں اور کسی فٹ پاتھ پر بسیرا کرتے ہیں جو ان کے نزدیک یہ مکان محل ہے اور وہ اس پر گستاخانہ رویہ اختیار کرتے ہیں کہ اس محل کی تعمیر سے مفتی صاحب مرحوم کی دیانت مشتبہ ہو گئی ہے۔

کیا واقعی یہ دنیا سانپوں اور بچھوؤں سے بھر گئی ہے کہ کسی شریف انسان کی عزت و جان محفوظ نہیں اور جس کی جی میں جو آئے وہ کہہ سکتا ہے۔

اگر اس قسم کے بے ہودہ مبنی بر عناد اور افترا انگیز سوالات پر دین سے تعلق ظاہر کرنے والا کوئی شخص صرف اس لئے خوش ہوتا ہے کہ یہ اعتراض ایسے شخص پر کئے گئے

جس سے یہ اختلاف ہے تو اس کو محض یہ سمجھ کر برداشت کیا جاسکتا ہے کہ یہ ایک نظریاتی اختلاف ہے جس پر ہر فریق کو اپنی رائے رکھنے کا حق ہے لیکن اگر یہ اختلاف اس حد تک بڑھ جائے کہ اس سے مسلمانوں کی اجتماعی زندگی میں انتشار و افتراق پیدا ہو اور معاشرے کی بنیادیں متزلزل ہونے لگیں تو یہ انتہائی خطرناک ہے اور اس سے دینی حلقوں کو جو نقصان پہنچے گا اور قریب دین کے دشمن فائدہ اٹھائیں گے اس کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

ہم ان تمام حضرات سے جو اس مسئلہ پر کسی قسم کا تعلق رکھتے ہیں، خواہ وہ تمام افراد اور جماعتیں ہوں جو خواہ کسی گروہ سے تعلق رکھتی ہوں، یہ درخواست کرتے ہیں کہ وہ دین کو اپنی ذات اور گروہی مفاد پر ترجیح دیں اور ایسے مسائل میں جو محض فروعی ہیں، جھگڑے کو ہوا دینے کے بجائے اتحاد و اتفاق کی فضا پیدا کریں اور کسی بھی ایسے عمل کی تائید نہ کریں جو بحیثیت مجموعی دین اور اہل دین کے لئے مضر و نقصان دہ ہو۔

ہم معذرت خواہ ہیں کہ بات کچھ طویل ہو گئی اور صحبت امروز میں ہم یہ چاہتے تھے کہ اپنی گفتگو کو صرف اس نکتہ کی حد تک محدود رکھیں جو بعض احباب نے کیا۔ ہم اس کے بجائے اشتہار کے موضوع کو زیر بحث لے آئے لیکن امید ہم رکھتے ہیں کہ ہم نے جو کچھ کہا ہے وہ درست ہے اور اس سے مطلوب "انسداد باب فساد" اور "اصلاح ذات البین" کے سوا کچھ نہیں۔

کچھ بریلوی احباب کے بارے میں

ہم زیر نظر مقالہ کا پہلا حصہ لکھ چکے تھے اور پرچہ پریس میں جا رہا تھا کہ ہمیں چند بریلوی اہل علم اور بعض احباب کی جانب سے سابقہ اداریہ بالخصوص اس موضوع کی جانب توجہ کیا گیا۔ اس دوران ایک معزز شخصیت اپنے دو رفیقوں کے ہمراہ تشریف لائے۔ انہوں نے چند اتفاقی امور پر گفتگو کے بعد فرمایا:

ہمیں اس بات سے اتفاق ہے کہ مفتی زین العابدین صاحب کے خلاف اشتہار بریلوی حضرات کی جانب سے شائع نہیں ہوا۔ لیکن بالفرض اگر یہ کسی بریلوی نے شائع کیا ہو تو کیا آپ سب بریلویوں کو اس کا ذمہ دار ٹھہرائیں گے۔

ہم نے عرض کیا کہ

ہمارا مستقل موقف یہ ہے کہ ہم کسی بھی طبقاتی اور گروہی بنا پر نہیں سوچتے بلکہ ہمارے نزدیک تمام امور کا تعلق افراد سے ہے۔ ابھی جیسا کہ ہم نے عرض کیا خود بریلوی حضرات کے اکابرین فکر و نظر اور عمل دونوں میں الگ الگ طرز عمل اختیار کئے ہوئے ہیں۔ مولانا ابو الحسنات رحمہ اللہ کا طرز عمل اور تھا اور مولانا ابو البرکات صاحب اس کے خلاف رویہ رکھتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ اس اختلاف پر بھی رائے قائم ہو گی۔

یوں ذیل کے بریلوی حضرات کو ہم تین حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔

اول: مذہبی گروہ

دوم: سیاسی عنصر

مذہبی گروہ دو حصوں میں منقسم ہے۔

الف: اپنے عقائد میں پختگی کے باوجود دوسروں سے رواداری برتنے والے اور دین کے مشترک امور میں دوسروں سے تعاون کرنے والے حضرات۔ یہ حضرات نہ تو جارحیت اختیار کرتے ہیں، نہ دوسروں کی مساجد پر قبضہ کرنے کا رویہ اختیار کئے ہوئے ہیں اور نہ ہی وہ دوسروں کے خلاف نفرت و حقارت کی مہم چلاتے ہیں۔ اس طبقہ کو ہم نے اپنے ایک سابقہ اداریہ میں اصلاح احوال کی سعی کی جانب متوجہ کیا تھا اور خدا کا شکر ہے کہ یہ حضرات اس مشورہ کو شرف قبول عطا کر رہے ہیں۔

ب: اس کے برعکس مذہبی عنصر کا دوسرا طبقہ ان حضرات پر مشتمل ہے جو اپنے سوا باقی سب کو نفرت و حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، دوسروں کو سلام نہیں کہتے نہ ان کے سلام کا جواب دیتے ہیں اور نہ ان سے مشترک امور میں رواداری کے قائل ہیں ——— یہ حضرات بعض اوقات جارحیت بھی اختیار کرتے ہیں اور مساجد کے جتنے تنازعات ہیں وہ بالعموم انہی کے پیدا کردہ ہیں۔

ج: سیاسی عنصر سیاست کاری ہی کو مطمح نظر بنائے ہوئے ہے۔ وہ حسب ضرورت دونوں مذہبی گروہوں سے تعلق رکھتا ہے، وہ کبھی ادھر اور کبھی ادھر بھی رشتہ استوار کرتا ہے۔ مگر وہ دونوں طرف قیادت و سیادت پر قابض رہتا ہے۔ وہ جارحیت کو ہوا بھی دیتا ہے اور سیاسی تحریکات کی تائید بھی کرتا ہے۔ یہ عنصر در اصل خرابی کی اصل جڑ ہے اور مذہب و اہل مذہب کے لئے نامناسب طرز عمل کا حامل۔

ہماری رائے یہ ہے کہ بریلوی احباب میں جو حضرات اپنے عقائد میں پختگی کے ساتھ ساتھ اسلامی اخوت کے تقاضے ملحوظ رکھتے ہیں انہیں آگے بڑھنا چاہئے اور فتنہ و فساد کی آگ کو مشتعل ہونے سے پہلے بجھانے کی کوشش کرنا چاہئے ——— اور ہم نے در اصل اسی توقع کی بناء پر اپنے سابقہ اداریہ میں بعض احباب کو بطور خاص اس جانب توجہ بھی دلائی ہے۔

ہماری ان معروضات کے جواب میں ان حضرات نے کھلے دل سے فرمایا کہ

ہم پہلے اس سے بھی اعلان کر چکے ہیں اور اب بھی یہ اعلان کرتے ہیں کہ ہم ہر حال میں آپس میں اتحاد و اتفاق کی ہر تحریک کا خیر مقدم کریں گے، تعصب برتنے والے حضرات کے اٹھائے ہوئے فتنوں کا سد باب کریں گے اور انتشار برپا کرنے والی ہر حرکت کی مخالفت کریں گے۔

اور ——— ہم یہ بھی اعلان کرنا چاہتے ہیں کہ اگرچہ ہماری دانست یہ ہے کہ مولانا مفتی زین العابدین صاحب کے خلاف اشتہار بریلوی طبقہ کی جانب سے شائع نہیں ہوا۔ تاہم اگر یہ ثابت ہو جائے تو اس کی مذمت میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھیں گے اور ہم دیانتداری سے محسوس کرتے ہیں کہ مفتی صاحب کے خلاف یہ اشتہار ایک ایسا فتنہ ہے جو اگر عام ہو جائے تو کسی بھی عالم دین کی عزت محفوظ نہیں رہ سکتی، اور ایک شخص زندگی کے آخری ایام میں ایک مظلوم بنکے اور دوسرا علاقہ میں ٹھکانہ نہ ملے تو پھر کون سا عالم دین ہے جس کے خلاف ایسی باتیں نہیں کہی جاسکیں گی۔

یہ خوشگوار صحبت تقریباً دو گھنٹے کی باتوں پر اختتام پذیر ہوئی ——— احباب تک اس کی مختصر روداد اس لئے پہنچا دی گئی تاکہ اس نوع کی کوئی بات اگر ان کے سامنے آئے تو وہ ان تفصیلات سے آگاہ رہیں۔ وما ارید الا الاصلاح ما استطعت وما توفیقی الا باللہ العلی العظیم

بقیہ صفحے [جمعہ ——— غرض و غایت]

اس کی پکار پر آپ دوڑ پڑے خطبہ کو دل لگا کر پوری توجہ سے سنا۔ اس دن جو اجتماعی نماز مقرر کی گئی ہے اس کو ٹھیک طور پر ادا کیا۔ اس طرح اللہ کے فریضہ سے فارغ ہو کر اس کے بعد اب آپ دنیا کی طرف لوٹ رہے ہیں کہ وہاں جا کر خدا کا رزق تلاش کریں، جیسا کہ روایات میں آیا ہے کہ ایک صحابی حضرت عراک بن مالک رضی اللہ عنہ نماز جمعہ سے فارغ ہو کر جب نکلتے تو مسجد کے دروازے پر کھڑے ہو جاتے اور یہ دعا پڑھتے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَجَبْتُ دَعْوَتَكَ وَصَلَّيْتُ فَرِيْضَتَكَ وَانْتَشَرْتُ كَمَا اَمَرْتَنِیْ فَارْزُقْنِیْ مِنْ فَضْلِكَ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ۔

خدایا میں نے تیری پکار پر لبیک کہی اور تیرے فرض نماز کو ادا کیا اور تیرے حکم کے مطابق منتشر ہوا پس اپنے فضل سے مجھے رزق دے اور تو بہترین رازق ہے۔

اس دعا میں تین چیزوں کی تکمیل کا ذکر ہے پکار کو سنکر اس پر دوڑ پڑنا، اجتماعی نماز کو ادا کرنا اور اس کے بعد اللہ کو یاد کرتے ہوئے رزق حلال کی تلاش میں نکلنا اور یہی جمعہ کا ماحصل ہے۔

اللہ ہم سب کو اسی طرح جمعہ سے فیضیاب ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ صفحے { داعی اور دعوت }

لہٰذا آپ یہ پیغام انکے دل و دماغ پر چھا جاتا ہے اور وہ اسی کا غلام بن کر رہ جاتا ہے وہ اسی کی حرمت اور اسی کے اعلاء کیلئے اپنی تمام توانائیاں صرف کر دیتا ہے راحت و آرام کو تج کرتے ہوئے دیوانہ وار اسی کی خاطر گھومتا پھرتا ہے وہ اس سے پوری طرح رضامند ہوتا ہے اور اسی میں اپنی سعادت و خوش بختی سمجھتا ہے اسی چیز کو علماء توحید تعلیم اور تربیت کا نام دیتے ہیں منطقی عقل کے بس میں یہ کچھ کہاں، یہاں معاملہ اس ذہن کا نہیں جو کہ خبر رکھتا ہو یا اس سے عاری ہو اور نہ ہی اس عقل کا ہے جو اس کی تصدیق کرتی ہو یا تکذیب۔ یہ اصل معاملہ تو دل کا ہے کہ رضامند ہو جائے یا انکار کر دے فراخدلی سے قبول کرے یا ٹھکرا دے۔

قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِیْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ۔

ہم جانتے ہیں کہ تجھے ان کی باتیں غم زدہ کر دیتی ہیں تو وہ تیری تکذیب نہیں کرتے لیکن یہ ظالم تو خدا کی آیات کا انکار کرتے ہیں۔ باقی

الاستاذ سید البہی الخولی
ترجمہ: مولانا عبدالغفار حسن مدظلہ
استاذ الحدیث جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ

سلسلہ "الداعی الی اللہ" کی صفات (۳)

داعی اور دعوت کا فہم

دو مختلف طرز ہائے فکر

اسلام بھی وہ عالمگیر دعوت ہے جسے لیکر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے تھے اور یہی وہ نظام ہے جو ہر زمان و مکان میں انسانیت کی مادی اور روحانی زندگی میں نظم و ضبط پیدا کر سکتا ہے۔ یہ تو ہے ایک واضح دعویٰ بلکہ سورج کی طرح روشن جس کے آس پاس باطل پھٹک بھی نہیں سکتا۔ یہ حقیقت اپنی وضاحت کی وجہ سے ہماری نگاہ میں ایک فطری یا بدیہی جزو کی سی حیثیت اختیار کر چکی ہے جس کے لئے کسی دلیل کی ضرورت نہیں۔ لیکن اس کے باوجود بعض مسلمان اسے اچھی طرح سمجھ نہیں پائے۔ انہیں اسلام چند زنگ آلود افکار اور دقیانوسی نظام کا مجموعہ نظر آتا ہے اور اس کو لے کر اٹھنے والوں کو وہ انسانی قافلے سے بہت پیچھے سمجھتے ہیں اور اسلام کو آجکل کی تہذیب اور نئے معاشرہ میں ایک رکاوٹ خیال کرتے ہیں۔ یہ حضرات اگر حسن خلق کی دولت سے مالا مال ہوں تب بھی آپ کو ایک سخت متعصب شخص سے کم درجہ دینے پر راضی نہ ہوں گے۔ یہ دو مختلف طرز ہائے فکر ہیں، ایک گروہ اگر ایک پر ایمان رکھتا ہے اور اس کو ہی زندگی کا نصب العین قرار دیتا ہے تو دوسرا گروہ اس کو رد کرتا ہے اور اسے اپنی خواہشات کی بربادی میں معاشرہ کی ایک سخت پتھر سمجھتا ہے اب دیکھنا یہ ہے کہ ان میں سے کون سا فکر قبول کرنے کے لائق ہے؟

ہم ابھی قطعی جواب نہیں دینا چاہتے بلکہ اس سے پہلے ہمیں اس حقیقت کا اعتراف کرنا چاہئے کہ یہ لوگ ہم سے زیادہ ذہین و فطین ہیں اور نہ ہی ہم ان سے ذہانت و فطانت میں کچھ کم ہیں۔ چنانچہ اگر وہ ہم پر فوقیت لے بھی جائیں یا ہم ان پر فوقیت حاصل کر لیں تو یہ چیز ہمارے اور ان کے درمیان قطعی فیصلہ کرنے کی مجاز نہیں ہو سکتی۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک دوسری حقیقت بھی فراموش نہیں کی جا سکتی وہ یہ کہ ہم الحمد للہ اپنے الٰہی مشاعر و احساسات کو زندہ اور بیدار رکھنے کے لئے کوشش کرتے رہتے ہیں گو ہم منتہائے مقصود تک نہیں پہنچ سکے لیکن اس بات کا انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ہم اپنے الٰہی مشاعر کو دنیا کی ہوس کے تھپیڑوں سے بچانے کے لئے نفس کے مجاہدہ و ریاضت سے غافل نہیں رہتے لیکن یہ دوسرے لوگ تو نہ ان کو اس مجاہدہ کا دعویٰ ہے بلکہ وہ تو خوش اس بات پر ہیں کہ مادی مدنیت اپنی تمام شہوات اور زہر کے ساتھ انہیں اپنی آغوش میں لے لے۔ حتیٰ کہ بالآخر اب آپ ان کے اور ہمارے درمیان فکری اختلاف کے اصل سبب کو سمجھ چکے ہوں گے۔

ہمارے اور ان کے درمیان اختلاف یہیں سے شروع ہوتا ہے چنانچہ یہ لوگ ایک نہایت ہی روحانی پستی کے عالم میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ مادی تہذیب ان کے ہوش و حواس پر مکمل طرح قابض ہو چکی ہے اس لئے خدا کی طرف سے انہیں دی گئی روحانی قوتیں بھی ایک جمود اور اضمحلال کی حالت میں ہیں۔ آپ چاہیں انہیں کتنا ہی سمجھائیں اور کتنے ہی دلائل کیوں نہ لائیں آپ کبھی بھی انہیں اسلام کو ایک عقیدہ اور نظام کی حیثیت سے منوا نہ سکیں گے۔ وہ آپ کی باتیں سنیں گے ضرور لیکن کچھ سمجھ نہ پائیں گے۔ انکی آنکھیں آپ کی طرف ہی ہوں گی لیکن وہ بصیرت سے محروم ہوں گے۔

ومنہم من یستمع الیک وجعلنا علی قلوبہم اکنۃ ان یفقہوہ وفی آذانہم وقرا وان یروا کل آیۃ لا یؤمنوا بہا حتی اذا جاءوک یجادلونک یقول الذین کفروا ان ہذا الا اساطیر الاولین

"اور ان میں سے کوئی آپ کی طرف کان لگائے رہتے ہیں اور ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیئے ہیں تاکہ وہ اسے سمجھ نہ سکیں اور ان کے کانوں میں بوجھ ڈال دیا ہے اور اگر وہ تمام نشانیاں دیکھ بھی لیں تب بھی ایمان نہ لائیں گے یہاں تک کہ جب وہ تیرے پاس جھگڑنے کو آتے ہیں تو کافر کہتے ہیں کہ یہ سب چیزیں تو پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔"

ہماری مراد یہ نہیں کہ وہ اپنی کند ذہنی کی وجہ سے کچھ سمجھنے سے قاصر ہیں۔ بلکہ انکی نا سمجھی صرف اسی بنا پر ہے کہ ان کے دل جو کہ اصل میں الٰہی ملکات کا مرکز ہیں مادی دنیا میں حد درجہ مشغول ہو جانے کی وجہ سے عقل و فہم سے عاری ہو کر رہ گئے ہیں۔

ہاں تو اس پیغام کا سمجھنا صرف عقل اور ذہنی منطق پر ہی منحصر نہیں بلکہ جب تک انسان میں الٰہی وجدان بیدار نہ ہو اسے سمجھا نہیں جا سکتا۔ ایک عرب اگر اپنے عقیدے سے چمٹا ہوا ہے اور اس راہ میں اپنی ہر قیمتی چیز کو قربان کر دینا باعث فخر سمجھتا ہے اور اس پر فنا ہو جانے کی حد تک ایمان رکھے ہوئے ہے تو صرف اس لئے کہ وہ ایک بیدار وجدان کا مالک ہے اور روحانیت پر پختہ یقین و ایمان رکھتا ہے۔ مگر نرے صرف عقل ہی کے ذریعہ اس پیغام سے اتنا عشق نہیں رکھا جا سکتا کہ اس راہ میں وطن اور ملک تو کیا بچے بیوی اور مال و اولاد کی قربانی بھی ہیچ نظر آنے لگے۔

o مادیت فکر

مغربی تہذیب نے جس طرح اپنے اہل وطن کی اپنی تمام بے لگام جنسی شہوات کے طوفان میں غرق کر چھوڑا ہے اسی طرح وہ ان لوگوں کے دل و دماغ پر چھا جانے میں بھی پوری طرح کامیاب ہو چکی ہے چنانچہ اب حالت یہ ہے کہ روحانی جمال انکی آنکھوں سے پوشیدہ ہو چکا ہے اور رنگ و حواس مستقل طور پر جکڑ چکی ہیں کہ سوائے مادے اور لذت و شہوت کے کوئی چیز انہیں حرکت میں نہیں لا سکتی۔

مغربی مدنیت اپنے تمام کل پرزوں، مشینوں اور سائنسی تجربات کے ساتھ ان کی عقلوں پر دبیز پردے ڈال چکی ہے چنانچہ ان کے لئے یہ ممکن ہی نہیں رہا کہ وہ مادے کے ماوراء کسی اور چیز کے متعلق سوچنے کے لئے اپنے دماغ کو تیار کر سکیں۔

